جناب عبدالرحیم صابر، چیف ایڈیٹر ہفت روزہ "مخلص"

وفات حسرت آیات شمس العلماء محدث اعظم حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ
محدث و مہتمم دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک

ہر کہ بشنید انا للہ و انا الیہ راجعون گفت و نالہ بگیرد آہ آہ
۱۹۸۸ء

قطعۂ تاریخ

آج ایسا شخص زیرِ آسماں جاتا رہا
علم کے ماحول کا اک رازداں جاتا رہا

وہ معلّم وہ مدبّر وہ مفکر وہ خلیق
آہ صد افسوس اک دم ناگہاں جاتا رہا

جس کے دم سے تھا منور سب کا سب دارالعلوم
شیخ عبدالحق امیرِ کارواں جاتا رہا

علم کا ڈنکا بجایا جس نے کہساروں میں تھا
وہ رموزِ علم کا اک پاسباں جاتا رہا

وہ محدث وہ مفسّر وہ فقیہہ بے مثال
حیف ایسا عارف و تدریس خواں جاتا رہا

حق سمیع الحق کو فرمائے عطا صبرِ جمیل
شک نہیں ہے ان کا اک ادعیہ خواں جاتا رہا

سب خلوصِ دل سے فرما و دعائے مغفرت
وہ فصیح الملک وہ معجز بیاں جاتا رہا

کیا کہے صابرؔ تجھے ویرانیٔ باغِ علوم
باغ کا اے شاہدو جب باغباں جاتا رہا
۱۹۸۸ء